الجامعة البنورية العالمية — دار الافتاء والقضاء

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : **Yasser Hameed**		Serial No : **32116**		MODE: **Regular**
Address : **Khi**		Date : **11/20/2017**		
Subject : **Namaz**		Contact No:		
Writer : یاسر حسین		Email :		

Assalam-o-Alaikom, Janab-e-Aali, namaz humary deen ki 5 ahim tareen arakeen mai se aik hai, ye humary liye bais-e-imtiaz hai, magar ummat ke apas ke jhagro ne iss rukn ko bhi nai basha,mai aaj kal do tarfa confusion ka shadeed shikar hu, Ahl-e-sunna or Ahl-e-Hadeeth, dono ki namaz mai farq hai, dono hi apny tareeqo ko sahi or dosry ko ghalat kehty hain, dono hi apni baat ko sahi sabit karney ke liye Ahadeeth ka hawala dethy hain or dosry ke hawaly ko zaeef ya mansookh kehty hai, hum tu barbad hogaye , dunya ne barbad kar dia, na Hadeeth ka ilm hai na Quran ka, hum kaha jaye, or tu or Ahl-e- bida bhi apni ulti sidhi harkatu ke jawaz mai Ahadeeth ka hawala dethy hain, App ko Allah ka wasta Haq baat farmayega, rafa yadain kary ya na kary, ameen zor se boly ya na boly, barye beherbani tafseel se rehnumai farmayega, Jazzak Allah kheran, Wassalam, yasser Hameed,

سوال :۔ نماز ہمارے دین کی پانچ اہم ترین ارکین میں سے ایک ہے یہ ہمارے لئے بحیثیتِ امتیاز ہے مگر امت کے آپس کے جھگڑوں نے اس رکن کو بھی نہیں بخشا میں آج کل دو طرفہ کنفیوجن کا شدید شکار ہوں اہلِ سنّت اور اہلِ حدیث دونوں کی نماز میں فرق ہے دونوں ہی اپنے طریقوں کو صحیح اور دوسرے کو غلط کہتے ہیں دونوں ہی اپنی بات کو صحیح ثابت کرنے کیلئے احادیث کا حوالہ دیتے ہیں اور دوسرے کے حوالہ کو ضعیف یا منسوخ کہتے ہیں ہم تو برباد ہو گئے دنیا نے برباد کردیا نہ حدیث کا علم ہے نہ قرآن کا ہم کہاں جائیں اور تو اور اہلِ بدعت بھی اپنی الٹی سیدھی حرکتوں کے جواز میں احادیث کا حوالہ دیتے ہیں آپ کو اللہ کا واسطہ حق بات فرمائیے گا رفعِ یدین کریں یا نہ کریں آمین زور سے بولیں یا نہ بولیں برائے مہربانی تفصیل سے رہنمائی فرمائیے گا۔

الجواب حامدًا ومصلیًا

جاننا چاہئیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے رفع الیدین اور اس کا ترک دونوں ثابت ہیں دونوں جانب مرفوع احادیث اور دلائل موجود ہیں اس لئے جو شخص جس امام کا پیروکار ہو وہ اس کے مذہب کے مطابق اُن احادیث پر عمل کرسکتا ہے جبکہ یہ ایسے مسائل نہیں جن پر کفر اور اسلام کی بناء ہو یا کسی کو تارکِ سنت قرار دیکر فتنہ کھڑا کیا جائے اس سلسلہ میں ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا یا نکیر کرنا شرعی احکام سے ناواقفیت پر مبنی عمل ہے اس لئے سائل کو چاہئیے کہ وہ اگر حنفی المسلک ہے تو امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے مسلک کے مطابق ترکِ رفع یدین اور آہستہ آواز میں آمین کہے اور جو لوگ حنبلی مسلک کے ہوں جیسے مکہ، مدینہ کے لوگ وہ آمین بالجہر اور رفعِ یدین کرتے ہیں ان پر نکیر نہ کرے مگر مذاہبِ اربعہ کا بالکلیہ انکار نہ کرے جیسا کہ ہمارے زمانے کے اہلِ حدیث کہلانے والے غیر مقلد کرتے ہیں کہ یہ جہالت پر مبنی حرکت ہے۔

فی اعلاء السنن : عن الأسود قال : رأیت عمر بن الخطاب یرفع یدیه فی أول تکبیرة ثم لا یعود. رواه الطحاوی وقال : وهو حدیث صحیح. وفی الدرایة رجاله

(جاری ہے)

ثقات (ج ٣ - ص ٢٨)۔

وايضاً فی اعلاء السنن : عن إبراهیم قال: خمس تخفیهن الإمام سبحانك اللهم و بحمدك والتعوذ وبسم الله الرحمٰن الرحیم وآمین واللهم ربنالك الحمد. رواه عبد الرزاق فی مصنفه واسناده صحیح آثار السنن وأخرجه الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن أبی حنیفة عن حماد عن ابراهیم قال: أربع یخافت بهن الإمام ولم یذکر اللهم ربنالك الحمد. جامع مسانید الامام. قلت ورجاله ثقات.

قال العلامة العثمانی تحت الحدیث: قوله تخفیهن الإمام الخ قال الشیخ: و ظاهره أن الإمام والمأموم حکمهما واحد فی هذا الباب فلماثبت فی الإمام ثبت فی المأموم. (ج ٢ - ص ٢١٣)۔

والله اعلم

یاسر حسین عفی عنه
دار الافتاء جامعه بنوریه عالمیه سائٹ کراچی
١٤٣٩/٣/٢٢ھ

الجواب صحیح
نذیر [illegible]
دار الافتاء جامعه بنوریه کراچی
١٤٣٩/٣/٢٢ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعه بنوریه کراچی
٢٣ ربیع الاول ١٤٣٩ھ

نائب رئیس دار الافتاء جامعة بنوریة العالمیة

رئیس دار الافتاء جامعة بنوریة العالمیة

دار الافتاء
٣٢١٤٦
١٤٣٩/٣/٢٢ھ

16/12/17